امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ
بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمدؒ

# شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36۔ کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 03-5869501، فیکس: 5834000

18-دسمبر 2020ء

## پریس ریلیز

## سقوطِ ڈھاکہ درحقیقت نظریہ پاکستان کو عملی تعبیر نہ دینے کا نتیجہ تھا۔

### شجاع الدین شیخ

---

لاہور (پ ر) سقوطِ ڈھاکہ درحقیقت نظریہ پاکستان کو عملی تعبیر نہ دینے کا نتیجہ تھا۔ یہ بات امیر تنظیم اسلامی **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ 16 دسمبر کو یوم سیاہ قرار دینے یا ایک دوسرے کو پاکستان کو دولخت کرنے کا الزام دینے سے موجودہ پاکستان کے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ اگر آزادی ملنے کے فوراً بعد نظریہ پاکستان کو عملی تعبیر دے دی جاتی، یعنی اسلام کا عادلانہ نظام پاکستان میں رائج ہو جاتا تو پاکستان نہ صرف دولخت نہ ہوتا بلکہ خطے کا انتہائی مضبوط اور مستحکم ملک بن کر سامنے آتا اور ملک کے دونوں حصے جغرافیائی فاصلے کے باوجود ایک دوسرے کی تقویت اور استحکام کا باعث بنتے۔ اُنھوں نے کہا کہ ہمارا المیہ یہ ہے کہ ہم نے اس سانحہ عظیم سے کوئی سبق نہیں سیکھا اور ہمارے بعض نام نہاد لیڈر آج بھی لسانی اور طبقاتی تفریق پیدا کر رہے ہیں۔ اُنھوں نے کہا کہ ہم پارلیمانی جمہوریت، صدارتی نظام اور مارشل لاء آزما چکے لیکن پاکستان کے حالات نہ صرف سدھر نہیں رہے بلکہ اُن میں مزید بگاڑ پیدا ہو رہا ہے۔ لہٰذا ایمانی اور عقلی دونوں سطحوں پر یہ فیصلہ کرنے کی ضرورت ہے کہ کون سا نظام پاکستان کو ایک عظیم ملک بنا سکتا ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ ہر لحاظ سے ہم اس نتیجہ پر پہنچنے پر مجبور ہیں کہ پاکستان کی بقا اور سلامتی کے لیے کامل اسلامی نظام کا قیام ناگزیر ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ ہم وہ خوش قسمت قوم ہیں جس کی دنیا اور آخرت کی کامیابی ایک ہی شے یعنی اسلام سے جڑی ہوئی ہے۔

جاری کردہ

**ایوب بیگ مرزا**

مرکزی ناظم نشرو اشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمد
امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: 18 December 2020**

## "The fall of Dhaka, in fact, befell due to our failure to practically implement the Ideology of Pakistan."

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR): "The Fall of Dhaka, in fact, befell due to our failure to practically implement the Ideology of Pakistan."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He noted that remembering and observing 16 December as a "Black Day' or blaming each other for the break-up of Pakistan into two parts, would not help in any way in resolving the problems being faced by the 'present' Pakistan. Had the Ideology of Pakistan been practically implemented immediately after independence in 1947, i.e., the Islamic System of Collective Justice been established, then Pakistan would not have been broken-up into two part, but instead it would have sprouted and matured as an extremely strong and stable country of the region, and despite the geographical distance between them, both parts of the country would have been a source of stability and harmonizing strength for each other. He remarked that our conundrum is that we have not learnt any lesson from that prodigious disaster and, even today, certain so-called leaders are trying to create social-class-based and linguistic discord in the country. He said that we have tried the structures of parliamentary democracy, the presidential system and martial law, yet the circumstances of Pakistan are not improving, rather increasingly deteriorating on a consistent basis. He observed that, therefore, we ought to reflect and decide, on the basis of both faith and reason, regarding which system would make Pakistan a great nation. He asserted that whichever metric we use, we inevitably reach the same conclusion, without fail, that in order to ensure the survival and security of Pakistan, it is imperative for us to establish the genuine and complete Islamic system in our country. The Ameer concluded by affirming that we are such a fortunate nation that our success in this world and in the Hereafter is knotted to a single factor – Islam!

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**